© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

### شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی قرآنی خدمات    مرتبین: پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی
### پروفیسر ظفرالاسلام اصلاحی

ناشر: ادارۂ علوم اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی، سن اشاعت ۲۰۱۳ء، صفحات: ۲۹۲، قیمت: ۲۰۰ روپے

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ برصغیر ہند کے ان علماء کرام میں سے ہیں جن کے دینی، علمی، تحقیقی، فکری، اصلاحی اور تجدیدی کارناموں کے اثرات ملت کے تمام طبقوں پر مرتب ہوئے۔ تفسیر، حدیث، فقہ، کلام اور علم اسرار دین میں ان کی انفرادیت سبھی یکساں طور پر تسلیم کرتے ہیں۔ شاہ صاحب کی متنوع خدمات اور کارناموں میں سب سے نمایاں اور ممتاز کارنامہ قرآن مجید اور اس کے علوم ومعارف کی ترویج واشاعت ہے۔ انھوں نے قرآن مجید کے ترجمہ، تحشیہ اور تفسیر کی خدمت انجام دی، جس کی وجہ سے ہندوستان میں فہم قرآن کے دروازے کھلے اور بعد میں اردو اور دوسری مقامی زبانوں میں قرآن مجید کے ترجمے ہوئے۔

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کی قرآنی خدمات کی وقعت اور اہمیت کے پیش نظر شعبہ اسلامک اسٹڈیز، علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کے زیر اہتمام 'شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی قرآنی خدمات' کے موضوع پر دو روزہ سیمینار ۵-۶ دسمبر ۲۰۰۳ء میں منعقد ہوا، جس میں موقر علماء اور دانش وروں کو شاہ صاحب کی قرآنی خدمات کو اجاگر کرنے کی دعوت دی گئی۔ زیر تبصرہ کتاب اس سمینار میں پیش کردہ مقالات کا مجموعہ ہے۔ یہ بیس مقالات پر مشتمل ہے۔ ان کے عناوین درج ذیل ہیں: مقدمہ فتح الرحمٰن بترجمۃ القرآن کا تجزیاتی مطالعہ، الفوز الکبیر فی اصول التفسیر- ایک مطالعہ، فتح الخبیر بما لا بدّ من حفظہ فی علم التفسیر- ایک مطالعہ، تفسیر قرآن میں اسباب نزول کا مقام، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اور ناسخ ومنسوخ، شاہ ولی اللہ دہلوی اور حروف مقطعات، فتح الرحمان کے امتیازات- فقہی تشریحات کے حوالے سے، شاہ ولی اللہ کی فقہی تحریروں میں قرآنی استدلال، فقہ اسلامی سے متعلق چند قرآنی اصطلاحات اور حضرت شاہ ولی اللہ، قرآن مجید اور ولی اللٰہی تصوف، شاہ ولی اللہ کا نظریۂ ارتفاقات اور قرآنی منہاجیات،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ازالۃ الخفاء کے قرآنی مباحث، سیاسی فکر ولی اللّٰہی کی قرآنی بنیادیں، شاہ ولی اللہ کے رسائل میں قرآنی فکر، شاہ ولی اللہ کی فارسی میں قرآنی خدمات، شاہ ولی اللہ کی قرآنی بصیرت، ہندوستان میں قرآن کی عوامی مقبولیت اور شاہ صاحب کی خدمات، شاہ ولی اللہ کی حکمت قرآن-مولانا عبیداللہ سندھی کے افکار کا مطالعہ، شاہ ولی اللہ کا تصورِ سعادت اور قرآن۔ مقالات کی فہرست پر ایک نظر ڈالنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ شاہ صاحب کی قرآنی خدمات کا دائرہ کتنا وسیع ہے اور فاضل مقالہ نگاروں نے ان تمام پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی عمدہ کوشش کی ہے۔

شعبۂ اسلامک اسٹڈیز علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی نے حضرت شاہ صاحب کی خدمات اور افکار پر تحقیقی کام کے لیے ایک ریسرچ سیل قائم کیا ہے۔ اس سلسلے میں ایک عشرہ سے زیادہ عرصہ میں متعدد مذاکرے، سیمینار اور مباحثے منعقد کیے گئے اور متعدد کتابیں طبع ہوئی ہیں۔ یہ مجموعہ بھی شاہ صاحب کے علمی وتجدیدی کارناموں اور خدمات کو آئندہ نسل تک منتقل کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ فاضل مرتبین اس وقیع خدمت کے لیے مبارک باد کے مستحق ہیں۔ **(محمد جرجیس کریمی)**


## معرکۂ اسلام و جاہلیت

### مولانا صدر الدین اصلاحی

اسلام کی بصیرت افروز آگہی کے لیے جاہلیت سے واقفیت ناگزیر ہے۔

☆ عقائد، عبادت، اخلاقیات اور زندگی کے تمام معاملات میں جاہلیت اور اسلام کے درمیان اصولی فرق کیا ہے؟

☆ دونوں کے درمیان فطری اور مسلسل کش مکش کا انداز کیا ہے؟

☆ جاہل عناصر کس طرح اسلامی تصورات میں اپنی جگہ بنا لیتے ہیں؟

ان اہم پہلوؤں پر اس کتاب میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ مصنف کے گہر بار قلم نے موضوع کا حق ادا کر دیا ہے۔ صفحات: ۲۱۶ قیمت: -/۸۵ روپئے

اس کتاب کا انگریزی ترجمہ ڈاکٹر اسرار احمد خان نے انتہائی معیاری اور دلکش اسلوب میں Islamic Civilization in its Real Prespective کے نام سے کیا ہے۔

آفسیٹ کی عمدہ طباعت صفحات: ۱۳۷ قیمت: -/۹۰ روپئے

**ملنے کے پتے:** ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی، پوسٹ بکس نمبر-۹۳، علی گڑھ-۲
مرکزی مکتبہ اسلامی پبلیشرز، دعوت نگر ابوالفضل انکلیو، نئی دہلی-۲۵


© rasailojaraid.com